# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: مطالعہ نصوص (1918) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ توحیدِ باری تعالیٰ کی وہ کون کون سی اہم صفات ہیں جو سورۃ آل عمران میں بیان کی گئی ہیں؟ ان صفات کی اہمیت اور مقاصد پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سورۃ آل عمران میں "محکمات" اور "متشابہات" کی کیا وضاحت کی گئی ہے؟ ان دونوں اصطلاحات کا لغوی اور شرعی مفہوم جامع انداز میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ وضو کے فرائض کیا ہیں؟ قرآن و سنت کی روشنی میں ان کی تفصیل بیان کریں اور اس کی شرائطِ صحت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ جنگ احد کے واقعات سے مسلمانوں کو کیا اہم اسباق ملتے ہیں؟ سورۃ آل عمران میں اس جنگ کا تذکرہ کن پہلوؤں سے آیا ہے اور اس کی حکمتیں کیا ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5۔ مصافحہ (ہاتھ ملانا) اور معانقہ (گلے ملنا) سے متعلق احادیثِ نبویہ کس قسم کے آداب اور ہدایات بیان کرتی ہیں؟ ان افعال کے شرعی احکام پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ کسی کا نام رکھنے سے متعلق نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کیا ہیں؟ اسلامی نقطۂ نظر سے اچھے اور برے ناموں کے معیار پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قرآن مجید کی حفاظت کے لیے تاریخ اسلام میں کیا اقدامات کیے گئے؟ حفظ، جمع اور تدوین کے مراحل پر ایک تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ نماز کے صحیح ہونے کے لیے کتنی چیزوں کا پایا جانا ضروری ہے؟ فقہ اسلامی کی روشنی میں ان شرائط کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حفظ اللسان (زبان کی حفاظت) کے لغوی معنیٰ واضح کریں، نیز امام غزالیؒ کی بیان کردہ صدق (سچائی) کی اقسام کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ احادیثِ نبویہ کی روشنی میں مومن اور مسلمان کے درمیان کیا فرق بیان کیا گیا ہے؟ اس فرق کی شرعی بنیادوں کو واضح کیجئے۔ (20)